نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

تیلدار اجناس کی کاشت کے قومی پروگرام کے فروغ کے تحت کینولہ کے پیداواری مقابلہ کے لئے کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب۔

جیتنے والے کاشتکاروں کے لئے لاکھوں روپے کے نقد انعامات

لاہور 14 جنوری 2022: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق وزیراعظم پاکستان کے زرعی ایمرجنسی پروگرام کے تحت 5 ارب 11 کروڑ روپے کی لاگت سے تیلدار اجناس کی کاشت کے قومی پروگرام پر عملدرآمد جاری ہے۔اس منصوبہ کے تحت بہاولنگر، بہاولپور، بھکر، فیصل آباد، جھنگ، قصور، خانیوال، لودھراں، میانوالی، ملتان، مظفرگڑھ، اوکاڑہ، سرگودھا، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور وہاڑی کے 3 یا 13 ایکڑ سے زائد قابلِ کاشت اراضی کے مالک مرد وخواتین کاشتکار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔اس سلسلے میں مشترکہ کھاتہ رکھنے والے کاشتکار بھی اہل ہوں گے نیز مزارعین/ٹھیکیدار بھی دستاویزات کی تحصیل کمیٹی سے تصدیق کرانے کے بعد درخواست دے سکتے ہیں۔ پیداواری مقابلہ میں حصّہ لینے والے کاشتکار 3 ایکڑ متصّل فصل کینولہ جس میں کوئی بھی محکمہ زراعت پنجاب کی منظور وتصدیق شدہ اقسام کاشت کی گئی ہو مقابلہ کے لئے پیش کرسکیں گے۔مقابلہ کے لئے شرائط درخواست فارم پر درج ہیں جو متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر اور ڈویژنل ڈائریکٹر کے دفتر سے مفت حاصل کرسکتے ہیں یا محکمہ زراعت کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** سے ڈاؤن لوڈ کئے جا سکتے ہیں۔فارم فوٹو کاپی بھی قابلِ قبول ہوگی۔کاشتکار درخواستیں اپنے ضلع کے متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفتر میں **20 جنوری 2022** تک جمع کروائیں۔یاد رہے، اس مقابلہ کے لئے اراکین قومی وصوبائی اسمبلی، سینیٹرز، ان کے فیملی ممبرز اور گریڈ 17 اور اوپر کے سرکاری ملازمین درخواست دینے کے اہل نہ ہوں گے۔ان کے علاوہ ترقی پسند کسان جو ضلعی یا ڈویژنل کمیٹی کے ارکان مقرر ہوں وہ بھی مقابلہ کیلئے اہل نہ ہوں گے۔ پیداواری مقابلہ میں صوبائی سطح پر بھی منعقد ہوگا اور صوبائی کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔جیتنے والے کاشتکار کیلئے لاکھوں روپے کے نقد انعامات دیئے جائیں گے۔مزید معلومات کے لئے خواہشمند کاشتکار دفتری اوقات میں فون نمبر 04299200752 پر رابطہ قائم کرسکتے ہیں۔

☆☆☆☆